29/05/2025

12.30 PM(5 min)

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ **بصارت غل** سے خبریں سُنئے

**وزیر داخلہ**

وزیر داخلہ امت شاہ نے کل شام راج بھون جموں میں ایک میٹنگ کے دوران جموں کشمیر کی سلامتی صورتحال کا جائزہ لیا۔میٹنگ میں سالانہ شری امرناتھ جی یاترا کیلئے کئے جا رہے انتظامات کا بھی جائیزہ لیا گیا۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں امت شاہ نے کہا کہ مرکزی سرکار اور یوٹی انتظامیہ یاتریوں کو سبھی بنیادی سہولیات فراہم کرنے میں کوئی کسر باقی نہیں رکھیں گے ۔ امت شاہ آج پونچھ کا دورہ کررہے ہیں جہاں وہ پاکستانی شیلنگ سے متاثرین سے بات چیت کریں گے۔ واضح رہے کہ وزیر داخلہ جموں کشمیر کے دو روزہ دورے پر کل جموں پہنچے، جہاں ان کا استقبال لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کیا ۔

**کرشی سنکلپ ابھیان**

ملک بھر میں وکست کرشی سنکلپ ابھیان کا آغا ز ہوا ہے جو 12جون تک جاری رہے گا ۔ اس دوران کسانوں کو کاشت کاری کے جدید طریقوں اور اعلیٰ پید ا وار دینے والے بیجوں کی افادیت کے بارے میں روشناس کیا جائے گا۔ملک بھر کے ساتھ ساتھ اس حوالے سے جموں کشمیر میں بھی متعدد پروگرامونکا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی کشمیرمیں کل وکست کرشی سنکلپ یاترا کا انعقادکیا گیا ۔ اس موقعے پر وزیر زراعت جاوید احمد ڈار، زرعی یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر نذیرا حمد گنائی، ڈائریکٹر ایکسٹینشن پروفیسر ریحانہ حبیب کنٹھ اور کئی دیگر اہم شخصیات بھی موجود تھیں۔

**جاوید احمد رانا**

جنگلات کے وزیر جاوید احمد رانا نے مغل روڑ پر پیر کی گلی کا دورہ کر کے وہاں ہیر پورہ کا معائینہ کیا ۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ جنگلات نے مغل روڑ پر Sanctuary وائلڈ لائف ماحولیاتی تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے مناسب اقدامات کئے ہیں ۔ اس دوران وزیر موصوف نے بفلیاز سرنکوٹ میں پرنائی پن بجلی پروجیکٹ کی موجودہ صورتحال کا بھی جائزہ لیا ۔

**وفد**

پارلیمنٹ ممبر سنجے کمار جھا کی قیادت میں پارلیمانی وفد نے کل جمہوریہ کو ریا کے اعلیٰ حکام کے ساتھ بات کر کے آپریشن سندور سے متعلق
ا

---

نہیں جانکاری دی۔ کوریا کی راجدھانی سیول میں قائم بھارتی سفارت خانے کی جانب سے جاری ± ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ وفد نے جمہوریہ کوریاکے وزیر خارجہ کے علاوہ سر کردہ ماہرین قانون، دانشوروں اور صحافیوں کے ساتھ بات کر کے
ا

---

نہیں بھارت کے موقف سے آگاہ کیا۔±

**SMC**

سرینگر میونسل کارپوریشن کمشنر ڈاکٹر اویس احمد نے عید الضحیٰ اور میلہ کھیر بھوانی کی تقریبات کے سلسلے میں کئے جانے والے انتظامات کا جائزہ لینے کے لئے ایک میٹنگ کی صدارت کی ۔ میٹنگ کے دوران کمشنر موصوف نے حفظان صحت کے اعلیٰ معیار کو برقرار رکھنے اور ان تہواروں کے دوران صاف اور پرامن ماحول کو یقینی بنانے میں ایس ایم سی کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے لوگوں پر زور دیا کہ وہ میونسپل حکام کے ساتھ تعاون کریں ۔

**ڈپٹی کمشنر بڈگام**

ڈپٹی کمشنر بڈگام اکشے لابرو نے ضلع میں بجلی کے بنیادی ڈھانچے کو فروغ دینے کے لئے 15 ٹرانسفارمرز کشمیر پاور ڈسٹریبیوشن کارپوریشن لمیٹڈ کے حوالے کئے۔ انہوں نے KVA نئے 100 کہا کہ یہ اقدام انفراسٹرکچر کی تعمیر اور ضروری خدمات کے معیار کو بہتر بنانے کی ہماری جاری کوششوں کا ایک حصہ ہے۔

**ڈپٹی کمشنر کپواڑہ**

ڈپٹی کمشنر کپواڑہ آیوشی سدن نے مشن یووا پروگرام کی پیش رفت کا جائزہ لینے کے لئے ایک میٹنگ کی صدارت کی۔ میٹنگ کے دوران انہوں نے مشن یووا کے تحت زیادہ سے زیادہ بے روزگار نوجوانوں کے اندراج کو یقینی بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔

**ڈپٹی کمشنر شوپیان**

عوامی خدمات میں شفافیت اور کارکردگی کو یقینی بنانے کے لئے ڈپٹی کمشنر شوپیان ششر گپتا نے زینہ پورہ سب ڈویژن کا دورہ کیا۔ اس دورے کا مقصد جاری ترقیاتی کاموں اور مختلف دفاتر میں عوامی خدمات کا جائزہ لینا تھا۔

**شجر کاری مہم**

بیٹی
بچاو

---

بیٹی پڑھاو اسکیم اور نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت بانڈی پورہ کے اٹھوتو علاقے میں ئ ماحولیاتی پائیداری کو فروغ دینے اور بچیوں کے تحفظ کے لئے کل ایک شجر کاری مہم منعقدکی گئی۔ اس اقدام کا مقصد ماحولیاتی بیداری کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ بیٹیوں کو تحفظ دینے اور بااختیار بنانے کی اہمیت کو اجاگر کرنا تھا ۔

**حج**

سرینگر سے سفر محمود پر عازمینِ حج کی روانگی کا سلسلہ جاری ہے ۔ آج بھی دو پروازوں کے ذریعے636 عازمین حج بیت اللہ پر روانہ ہو رہے ہیں ۔

**شبد**

پرسار بھارتی شبد ایک ایسا میڈیا پلیٹ فارم ہے جس کے ذریعے سے ملک کے Content Creators کو مختلف صورتوں میں مواد اور جانکاری فراہم کی جاتی ہے۔ شبد سے استفادہ کرنے والوں صحافیوں اور کریٹرس کی تعداد1ہزار7سو سے تجاوز کر گئی ہے ۔ شبد ملک کی 13زبانوں کے 50سے زائد زمروں میں متعلقین کو مواد دستیاب کراتا ہے ۔پرسار بھارتی نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر متعلقین سے کہا ہے کہ وہ فوٹو گرافس ، ویڈیوز ، انفوگرافکس اور دیگر خبروں کیلئے shabd.prasarbharti.org پر لاگ آن کر سکتے ہیں۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ